سوال

(98) حافظ قرآن کو جو تراویح میں قرآن شریف ختم کرتے ہیں   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ قرآن کو جو تراویح میں قرآن شریف ختم کرتے ہیں، گویا انجن جوڑ دیتے ہیں، انجن بھی اس رفتار پر کہ اخیر کے درجہ پر چلاتے ہیں پیچھے لقمہ دینے والا کوئی حافظ موجود نہ ہو تو ایسی حالت میں نماز ہوسکیت ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید کو بآہستگی پڑھنا چاہیے۔ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا جو لوگ اتنا جلدی پڑھتے ہیں، ان کے پیچھے نماز پڑھنی ایک رسمی چیز ہے، اصلی نہیں۔ (اہل حدیث امر تسر ۲۳ جنوری ۱۹۳۱ ئ)
(فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۱۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 329

محدث فتویٰ